حقائق

سائرن کی گونج

جب کسی بڑے حادثہ یا آفت میں زخمی ہونے یا املاک کو نقصان پہنچنے کے خطرے کا شدید امکان شامل ہو تو ڈنماک کے باسیوں کو ایسے خطرے سے، ڈنمارک کے قومی برقی سائرن انتباہی نظام کے تحت خبردار کرنا ممکن ہے۔

سائرن انتباہی نظام۔

ڈینش ہنگامی بندوبست ایجنسی (Beredskabsstyrelsen) سائرن انتباہی نظام کو چلاتی اور اس کی دیکھ بھال کرتی ہے۔

نظام میں کل 1,078 سائرن ہیں جو ڈنمارک کی آبادی کے قریباً 80 فیصد حصے کا احاطہ کرتے ہیں۔ بجلی منقطع ہونے کی صورت میں، بجلی کی ایک الگ بے روک فراہمی سائرنوں کے کام کوممکنبناتی ہے۔

سائرن شہروں اور1,000 سے زائد آبادی والے دیہی علاقوں میں عمارتوں اور کھمبوں کے ساتھ نصب ہیں۔ ان علاقہ جات سے باہر، پولیس موبائل سائرن کے استعمال کا فیصلہ کر سکتی ہے۔

پولیس کی جانب سے انتباہ

کسی بڑے حادثہ یا آفت کی صورت میں، پولیس سائرن بجانے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی دونوں قومی ٹی وی چینلوں DR اور TV2 پر ایک ہنگامی پیغام نشر کیا جائے گا۔

پولیس سائرن بجانے کا آغاز کرے گی۔ وہ پوری آبادی کو ایک ہی عمل میں آگاہ کرنے کے قابل ہیں۔ سائرن انتباہی نظام صوبائی یا مقامی علاقوں میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جہاں پولیس انفرادی طور پر سائرن بجانا شروع کرے گی اور اس طرح مخصوص علاقہ جات کو متنبہ کرے گی۔

ایسے افراد جن کی سماعت کمزور ہو یا جو سماعت سے محروم ہوں، وہ Beredskabsstyrelsenکے انتباہی نظام میں شامل ہو سکتے ہیں اور اس طرح متن پیغامات کے ذریعہ انتباہ حاصل کر سکتے ہیں۔

1994 سے ایک سالانہ سائرن انتباہی نظام کی گونج منعقد کی جاتی ہے جو مئی کی پہلی بدھ کو دوپہر بارہ بجے ہوتی ہے۔

تمام سائرن بغیر آواز ہر رات پڑتال کیے جاتے ہیں۔

آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

جب انتباہی سائرن کیآواز سنائی پڑے، تو اندر چلے جائیں اور DR یا TV2 کو سنیں۔

ترجیحی بنیادوں پر یقین دہانی کریں کہ تمام ان افرادنے انتباہی اشارے کو سمجھ لیا ہے جو صرف دیکھنے والوں میں سے ہوتے ہیں۔

DR اور TV2 اب آبادی کو صورت حال کے بارے میں آگاہ کرے گا، ہدایات جاری کرتے ہوئے کہ کیا کرنا ہے۔ یہ پیغامات پولیس یا دیگر اتھارٹیوں کی جانب سے جاری کیے جائیں گے۔

سائرن انتباہی نظام کو کسی بڑے حادثہ یا تباہی میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

سگنل

سائرن ایک خاص آواز کا سگنل پیدا کرتا ہے تاکہ کسی خطرناک صورت حال سے آگاہ کیا جا سکے۔

سگنل ایک تیزی سے اونچی ہوتی ہوئی آواز پر مشتمل ہے جو رفتہ رفتہ کم ہوتی ہے۔ یہ سگنلکل چار بار بجایا جاتا ہے، جو 45 سیکنڈ تک رہتا ہے۔

خطرے کا سگنل اس طرح مفسر کیا جاتا ہے:

سائرن انتباہی نظام کو خطرہ ختم ہونے کی صورت میں بھی استعمال کیا جائے گا۔ نظام خطرے کی صورت حال کے اختتام پر ایک اور آواز پیدا کرے گا۔

آواز کا یہ سگنل ایک لمبی یکساں صوت ہے جو 45 سیکنڈ تک رہتی ہے۔

خطرے کے اختتام کے سگنل کی آواز اس طرح مفسر کی جاتی ہے:

جب یہ سگنل بج جائے، آپ خطرے کے بغیر دوبارہ باہر جا سکتے ہیں۔

سائرن انتباہ کے متعلق مزید پڑھیں

(ڈینش میں)www.brs.dk/en/sirens

Beredskabsstyrelsen
Datavej 16, 3450 Birkerød
brs@brs.dk :ای-میل • +45 7285 2000 :فون
www.brs.dk/en

جنوری2021